October 01, 2026

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين، وعلى آله وصحبه أجمعين، وبعد

AHSA/AMC/FTW/HBLAML/703

Al-Hilal
Shariah Advisors

SHARIAH APPROVAL FOR INVESTMENTS OF FUND UNDER MANAGEMENT OF HBL ASSET MANAGEMENT COMPANY LIMITED

Islamic Unit Trusts managed by **HBL Asset Management Company Limited** are based on the principle of **Investment Agency Contract (Wakalat-ul-Istismar)** and have been designed strictly in conformity with the rules of Islamic Shariah.

Under the investment agency contract, the unit holder on investing his money becomes the principal (Muakkil) and HBL acts as the agent (Wakeel) to manage the investments of the Muakkil.

All investments of the following unit trusts:

- **HBL Islamic Money Market Fund**
- **HBL Islamic Asset Allocation Fund**
- **HBL Islamic Fixed Term Fund**
- **HBL Islamic Stock Fund**
- **HBL Islamic Savings Fund**
- **HBL Islamic Income Fund**
- **HBL Islamic Equity Fund**
- **HBL Islamic Regular Income Fund**
- **HBL KPK Islamic Pension Fund**
- **HBL Islamic Pension Fund**
- **HBL Punjab Islamic Pension Fund**

are Shariah compliant and Funds received are not on Qardh (loan), all funds are invested in Shariah-compliant contracts on behalf of investors under the supervision of the Shariah Advisor. The investment mechanisms, procedures, and constitutive documents of the unit trusts have been vetted and approved in line with Shariah principles, and the funds' operations are regularly reviewed by Shariah advisor for compliance.

Keeping in view all the funds managed by HBL Asset Management Company Limited are Shariah-compliant and free from Riba (interest), Gharar (uncertainty), and Qimaar (gambling), with no element repugnant to Shariah principles or the Guidelines of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

ایچ بی ایل ایسٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے اسلامی فنڈز کی شریعہ منظوری

ایچ بی ایل ایسٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے زیر انتظام اسلامی اجتماعی سرمایہ کاری اسکیمیں/اسلامی میوچل فنڈز وکالت الاستثمار کے اصولوں پر منظّم ہیں اور یہ فنڈز اسلامی شریعت پر سختی سے کاربند ہیں۔ وکالت لاستثمار کی بنیاد پر سرمایہ کار اس فنڈ میں مؤکل کی حیثیت رکھتا ہے ایچ بی ایل ایسٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ بطور وکیل اپنے فرائض انجام دیتا ہے۔

ان زیر نظر فنڈز کی سرمایہ کاری اسلامی شریعہ کے عین مطابق ہوتی ہے۔ مستند مفتیان کرام ان فنڈز کی دستاویزات کی تصدیق کرتے ہیں اور ان فنڈز کی سرمایہ کاری کے طریقہ کار کو طے کرتے ہیں، مزید یہ کہ ان فنڈز کے تمام لین دین کی باقاعدگی سے نگرانی کی جاتی ہے تاکہ موکل (سرمایہ کار) کی سرمایہ کاری کو اجتماعی انداز میں منظم اور مؤثّر طریقے سے استعمال کیا جاسکے۔

اس لیے یہ کہنا درست ہوگا کے مندرجہ ذیل اسلامی میوچل فنڈز کی تمام سرمایہ کاریاں:

1. ایچ بی ایل اسلامک منی مارکیٹ فنڈ
2. ایچ بی ایل اسلامک ایسٹ ایلوکیشن فنڈ
3. ایچ بی ایل اسلامک فکسڈ ٹرم فنڈ
4. ایچ بی ایل اسلامک اسٹاک فنڈ
5. ایچ بی ایل اسلامک سیونگ فنڈ
6. ایچ بی ایل اسلامک انکم فنڈ
7. ایچ بی ایل اسلامک ایکوئٹی فنڈ
8. ایچ بی ایل اسلامک ریگولر انکم فنڈ
9. ایچ بی ایل کے پی کے اسلامک پنشن فنڈ
10. ایچ بی ایل اسلامک پنشن فنڈ
11. ایچ بی ایل پنجاب اسلامک پنشن فنڈ

شریعت کے مطابق ہیں اور اسلامی میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کی صورت میں موصول ہونے والی رقوم عقدِ وکالت بالاستثمار کی بنیاد پر حاصل کی جاتی ہیں، نہ کہ قرض کی بنیاد پر۔ تمام فنڈز کی سرمایہ کاریاں شریعت کے مطابق اثاثوں اور عقود میں، سرمایہ کاروں کی جانب سے اور مستند مفتیان کرام کی زیر نگرانی، فراہم کردہ شرعی ہدایات کے مطابق کی جاتی ہیں۔ اسلامی میوچل فنڈز کے سرمایہ کاری کے طریقہ کار، ضوابط، اور بنیادی دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے اور انہیں شرعی اصولوں کے مطابق قرار دیا گیا ہے۔ مزید برآں، ان فنڈز کی سرگرمیوں کا باقاعدہ طور پر مستند مفتیان کرام کے ذریعے جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ان فنڈز کا نظام مسلسل شریعت کے مطابق رہے۔

مندرجہ بالا امور کے پیش نظر؛ ایچ بی ایل ایسٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے زیرِ انتظام تمام اسلامی میوچل فنڈز شرعی اصولوں کے مطابق ہیں اور ان میں ربا (سود)، غرر (غیر یقینی معاملات) اور قمار (جوا) کا کوئی پہلو شامل نہیں، نیز ان میں کوئی ایسا عنصر موجود نہیں جو شرعی اصولوں یا سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی شرعی ہدایات کے منافی ہو۔

Mufti Irshad Ahmad Aijaz
Chairman Shariah Council

AL-HILAL SHARIAH ADVISORS (PVT) LTD. KARACHI

Faraz Yousuf Bandukda, CFA
Chief Executive

والله أعلم بالصواب، وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وصحبه وبارك وسلم

For and on behalf of Al-Hilal Shariah Advisors (Pvt.) Limited. This fatwa is Valid for a period of one year and will expire on **September 30, 2027**

Al-Hilal Shariah Advisors (Pvt) Limited
Suite # 406-407, 4th Floor, Horizon Towers, Com 2/6, Khayaban-e-Saadi,
Block 03 Clifton, Karachi
Tel:+92-21-35305931-37, Web: www.alhilalsa.com